© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**سیرتِ احمد مجتبیٰ** — مؤلف: شاہ مصباح الدین شکیل، ایم اے، ایل ایل بی۔
ناشر: پاکستان اسٹیٹ آئل کمپنی لمیٹڈ، داؤد سنٹر مولوی تمیزالدین خاں روڈ، کراچی۔

آئیل پراڈکٹس کی اصطلاح تو آپ نے سُنی ہوگی۔ اور ایسی بیسیوں چیزیں آپ کے ذاتی اور گھریلو استعمال میں ہوں گی۔ جو زیادہ اہم ہیں وہ تو حیران کن ہیں۔ مگر آج ہمارے سامنے پاکستان اسٹیٹ آئیل کمپنی نے ایک نیا "آئیل پراڈکٹ" پیش کیا ہے، بلکہ کہنا چاہیے کہ "ایمانی پراڈکٹ" اور وہ ہے سیرتِ احمد مجتبیٰ کا پہلا حصہ جو ۵۱۲ سے زائد مجلد صفحات پر مشتمل ہے۔ کچھ لوگ پٹرول میں سے صرف ڈالر حاصل کرتے ہیں، مگر یہاں پٹرول ذریعہ بنا ہے، محبتِ رسالت کی شمعوں کو روشن رکھنے کا۔ سبحان اللہ!

نیک آدمی جہاں ہوں، وہ ہر ماحول میں خدا کی عبادت اور انسانوں کی خدمت کا کوئی نہ کوئی راستہ نکال لیتے ہیں۔ اس نیکی کا ایک سہرا تو سعید ابراہیم صاحب (منیجنگ ڈائریکٹر پاکستان اسٹیٹ آئیل کمپنی) کو جاتا ہے، جن کے دل میں یہ بات راسخ ہوئی کہ "اللہ کے آخری نبیؐ کا پیغامِ رحمت مایوس انسانیت کے لیے آبِ حیات ہے۔" پھر انہوں نے کمپنی کے ترجمان پی ایس او ریویو میں (ماہ ربیع الاوّل ۹۷ھ سے) ہر سال سیرتِ پاک پر ایک نمبر نکلوانے کا اہتمام کیا۔ دوسرا بڑا اعزاز شاہ مصباح الدین شکیل کے لیے ہے جن کی علمی شخصیت کو سعید ابراہیم صاحب نے اپنے ادارے سے اس خاص کام کی ذمہ داری سونپی۔ اور پبلک ریلیشنز ڈیپارٹمنٹ میں اسلامی تعلیمات اور تاریخی واقعات کی تحقیق کا ایک شعبہ قائم کیا۔ خصوصی نمبروں میں تین حصے شائع ہوئے: (۱) ولادت سے

© rasailojaraid.com